کتاب نما

قرآنی ارشادات، اول، دوم۔ محمد انعام الحق۔ ملنے کا پتا: عباداللہ فیملی ویلفیئر ٹرسٹ، مکان نمبر ڈی/۱۲-۳-۱۰، مہدی پٹنم، حیدرآباد-۲۸، بھارت۔ صفحات (بڑی تقطیع) اول: ۵۵۷، دوم: ۶۸۳۔
قیمت: اول و دوم: ۳۰۰ روپے۔ دونوں جلدیں: ۵۰۰ روپے (بھارتی)

دو ضخیم جلدوں پر مشتمل یہ کتاب قرآن پاک کی رکوع بہ رکوع تشریح ہے۔ ہر رکوع پر عنوان لگایا گیا ہے، مثلاً سورۂ بقرہ کے رکوع ۲۴ پر 'جہاد، فتنہ اور حج'، سورۂ انعام کے رکوع ۱۲ پر 'ساری کائنات انسان کی خدمت میں لگی ہوئی ہے'، سورۂ اعراف کے رکوع ۱۵ پر 'جادوگروں کا ایمان لانا۔ سورہ کے آغاز پر مضامین سورہ کا مختصر بیان، عربی متن کا التزام نہیں ہے، تشریح کے درمیان ضرورت ہے تو دیا گیا ہے۔ متن اور ترجمہ اور عنوانات نیلے، یعنی مختلف رنگ میں ہیں۔

ہمارے ملک میں رجوع الی القرآن کے جو مظاہر نظر آتے ہیں (منظم برائی کے پھیلنے کے ساتھ ساتھ) غالباً اسی طرح بھارت میں بھی مسلمانوں میں اس طرف رجحان ہے۔ اُمت مسلمہ میں یہ شعور بیدار ہو رہا ہے کہ اس کا مستقبل اور عروج قرآن کو اختیار کرنے سے وابستہ ہے۔ اسی لیے کیسٹ، سی ڈی، فلمیں، درسِ قرآن اور محفل حسنِ قراءت، سب میں مسلسل اضافہ ہے۔

بڑی تقطیع کی دو ضخیم جلدوں پر مشتمل یہ کتاب اعلیٰ معیار کے کاغذ اور دو رنگ میں چھاپی گئی ہے۔ اسے تفسیر نہیں کہا جا سکتا، تشریح کہنے میں بھی تکلف ہوتا ہے، ترجمے کو ذرا کھول کر بیان کر دیا گیا ہے۔ ایک طرز کی ترجمانی کہا جا سکتا ہے۔ فہم قرآن کے لیے جو گہرائی میں نہیں جانا چاہتے یا گہرائی میں جانے کا وقت نہیں رکھتے، ان کے لیے یہ کتاب بہت مفید ہے۔ میٹرک، یا جب کسی مسلمان لڑکے اور لڑکی کو اُردو پڑھنا اور سمجھنا آ جائے اور وہ پروگرام کے تحت قرآن کے تمام مضامین سے آگاہی چاہتا ہو، تو یہ کتاب اس کے لیے ہے۔ خواہش منداپنے روابط کے ذریعے حیدرآباد دکن سے حاصل کریں۔ محمد انعام الحق صاحب حکومت آندھرا پردیش کے (ر) انجینیر ہیں۔